قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 29th April, 2025

پریس ریلیز

قومی احتساب بیورو ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں رہائشی منصوبوں میں غبن کے متاثرین میں رقوم کی واپسی کی تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب کی صدارت چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کی۔

تقریب میں راولپنڈی اور اسلام آباد کے چار رہائشی منصوبوں الحرم سٹی، غوری ٹاون، گلشن رحمان اور ارائین سٹی کے 500 سے زائد متاثرین میں 300 ملین روپے کے چیک تقسیم کیے گئے۔ واضح رہے کہ مذکورہ رہائشی منصوبوں کے متاثرین میں پہلے مرحلے میں نیب کی کوششوں سے بازیاب کی گئی رقوم کے کروڑوں روپے کے تقسیم کئے جا چکے ہیں اور دوسرے مرحلے میں متاثرین میں آج مزید چیک تقسیم کئے گئے ہیں۔

تقریب میں ڈپٹی چیئرمین سہیل ناصر پراسیکیوٹر جنرل نیب سید احتشام قادر شاہ ڈائریکٹر جنرل نیب راولپنڈی ریجن وقار احمد چوہان اور دیگر سینیئر افسران بھی موجود تھے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین نیب نے کہا کہ مختلف ہاؤسنگ سوسائٹیوں یا سرمایاکاری سے متعلق اداروں کی طرف سے جلسازی اور دھوکہ دہی سے شہریوں کی لوٹی گئی رقوم کی فوری طور پر واپسی نیب کی اولین ترجیح ہے اور ایسے عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے جو اس نوعیت کی بدعنوانیوں میں ملوث ہیں انہوں نے شہریوں سے کہا کہ وہ اچھی طرح چھان بین اور تسلی کے بعد اپنی محنت اور خون پسینے کی کمائی کی کسی بھی ادارے میں سرمایہ کاری کریں تاکہ انہیں مالی نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس موقع پر چیئرمین نیب نے تاکید کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس سبز باغ دکھا کر لوٹنے والوں سے خبردار رہیں اور کسی بھی رہائشی منصوبے میں سرمایہ کاری کرتے وقت اس کے ملکیتی رقبے، این او سی، لے آوٹ پلین اور شہرت کو ملحوظ خاطر رکھیں تاکہ ان کے ساتھ دھوکہ نہ ہو۔ مزید براں چیئرمین نیب نے کہا کہ نیب آئندہ ملزمان سے وصول کی گئی رقوم براہ راست متاثرین کے بینک اکاونٹس میں منتقل کرے گا تاکہ عوام الناس کو مزید سہولت میسر آ سکے۔

چیئرمین نیب نے نیب راولپنڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیب راولپنڈی ریجن نے گزشتہ 25 برسوں میں 328 ارب روپے کی وصولیاں کر کے عوام کو ان کی لوٹی گئی رقوم واپس کیں۔ انہوں نے نیب کے افسران اور عملے کی کارکردگی کو سراہا جن کی مسلسل کاوشوں سے ریکارڈ تعداد میں لوٹی گئی رقوم کی واپسی ممکن بنائی گئی ہے اور نیب کی اس اعلی کارکردگی کی بدولت اپنے سرمائے سے محروم ہونے والے شہریوں کو رقوم کی واپسی تیز رفتاری سے ممکن بنائی جا رہی ہے۔

ڈائریکٹر جنرل نیب راولپنڈی ریجن وقار احمد چوہان نے نیب راولپنڈی کی طرف سے ان رہائشی اسکیموں کے خلاف جاری تحقیقات اور مقدمات کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ نیب کی کاوشوں سے آج الحرم سٹی کے 207 متاثرین کو 96.228 ملین روپے، غوری ٹاؤن کے 186 متاثرین میں 180 ملین روپے، گلشن رحمان کے متاثرین کو 10.42 ملین روپے اور آرائیں سٹی کے متاثرین 12.529 ملین روپے کے چیک تقسیم کیے گئے ہیں-انہوں نے کہا کہ نیب قانون کے تحت شہریوں کو لوٹنے والوں کے خلاف ایکشن لے رہا ہے اور یہ نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھاگنے والے ملزمان کو گرفت میں لے گا۔ان کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بلاک کئے جائیں گے۔ قانون کے تحت ان کی جائیدادیں ضبط کر کے نیلام کرائی جائیں گی اور لوٹی گئی رقوم کی واپسی ہر ممکن یقینی بنائی جائیں گی۔